علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: " نظریات فقہیہ اور قواعد فقہیہ کا تعارف "(2969) سمسٹر: خزاں، 2026

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔

3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5) مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7) غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

یونٹ: 1تا04

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1 فقہ اسلامی میں 'حق' کا لغوی و اصطلاحی مفہوم اور اس کے بنیادی ارکان بیان کریں، نیز صاحبِ حق کے اعتبار سے حق کی بنیادی اقسام (حق اللہ اور حق العبد) اور حقوقِ مجردہ و غیر مجردہ کی تفصیل تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 2 فقہ اسلامی میں 'تعسف فی استعمال الحق' (حق کے ناجائز یا اضرار پر مبنی استعمال) کا شرعی تصور واضح کریں، نیز حق کے استعمال میں تعسف کی ممانعت کے بنیادی شرعی قواعد، ضوابط اور اس کے فقہی نتائج پر تفصیلاً روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 3 عقود و معاملات کی روشنی میں 'فسخ' کا شرعی تصور تحریر کریں، نیز فسخ کا انفسوخ، خلع، طلاق، ابطال اور افساد سے فرق واضح کرتے ہوئے فسخِ عقد کے شرعی اسباب و اثرات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4 قرآن و سنت کی روشنی میں 'نظریہ ملکیت' کا مفہوم اور اعیان و منافع کا فرق واضح کریں، نیز حصولِ ملکیت کے شرعی طریقہ ہائے کار اور مالک کے شرعی حقوق و حدود پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 5 فقہ اسلامی کی اصطلاح میں 'ضمان' کا تصور اور اس کی شرعی مشروعیت کے دلائل بیان کریں، نیز قبضہ امانت اور قبضہ ضمان کا فرق اور ضمان کے بنیادی اسباب (تعدی، ضرر، اور افضاء) تحریر کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 05تا09)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1 'قواعدِ کلیہ فقہیہ' کی تعریف اور اس کے تاریخی ارتقاء کا تفصیلی جائزہ لیں، نیز 'قاعدہ' اور 'ضابطہ' کے درمیان بنیادی فروق اور اصولِ فقہ و قواعدِ فقہیہ کا موازنہ واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 2 اہم عمومی قواعدِ فقہیہ "الأمور بمقاصدھا" اور "الیقین لایزول بالشک" کی جامع تشریح و تفریعات بیان کریں اور شرعی و عملی احکام میں ان کے تطبیقی مظاہر کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 3 عقدِ بیع میں ایجاب و قبول کی شرائط اور مجلسِ عقد کے احکام و قواعد بیان کریں، نیز بیع میں ثمن اور مبیع کی بنیادی شرائط و اوصاف تفصیلاً تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4 اہم قاعدہ فقہیہ "لاینکر تغیر الأحکام بتغیر الأزمان" اور "المعروف عرفاً کالمشروط شرطاً" کی شرعی وضاحت کریں اور زمانے کے عرف و احوال کی تبدیلی سے اجتہادی احکام پر پڑنے والے اثرات کی تفصیل تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5 قواعدِ فقہیہ "الضرورات تبیح المحظورات"، "درء المفاسد مقدم علی جلب المصالح" اور "المشقۃ تجلب التیسیر" کی فقہی تشریح کریں اور اسلامی فقہ میں رخصت، سہولت اور دفعِ ضرر کے بنیادی اصول واضح کریں۔ (20)